# سفارشات برائے دھان (16 تا 31 اگست 2026)

## کھادیں اور آبپاشی

- موسمی کاشتہ فصل میں نائٹروجنی کھاد کا استعمال مکمل کر لیں جبکہ پچھیتی کاشتہ فصل میں کھاد کا استعمال فصل کی صورت حال کے مطابق کریں۔
- نائٹروجنی کھاد کے استعمال کے وقت کھیت میں پانی کی مقدار کم سے کم ہو۔
- موسمی صورت حال کو مد نظر رکھتے ہوئے فصل کی ضرورت کے مطابق آبپاشی کا خاص خیال رکھیں۔

## کیڑوں اور بیماریوں سے متعلق سفارشات

### پتہ لپیٹ سنڈی (Leaf Roller)

دھان کی پتہ لپیٹ سنڈی پتوں کو لپیٹ کر اندر سے کھاتی ہے، جس سے پتوں کا خوراک بنانے کا عمل متاثر ہوتا ہے اور پودے کی نشوونما اور پیداوار میں نمایاں کمی آتی ہے۔ کیڑے کے حملے کو بروقت کنٹرول کرنے کے لیے درج ذیل اقدامات از حد ضروری ہیں۔

- ہفتہ وار بنیاد پر دھان کی فصل کی باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔ مانیٹرنگ اور کنٹرول کے لیے روشنی والے پھندوں کا استعمال کریں۔
- کھیت سے تمام جڑی بوٹیوں کو تلف کریں۔ نائٹروجنی کھادوں کا حد سے زیادہ استعمال نہ کریں۔
- مفید کیڑوں جیسے مکڑیاں، پیرا سائٹک وسپس، اور ڈریگن فلائیز وغیرہ کی افزائش کی حوصلہ افزائی کریں۔
- کیڑے کا حملہ معاشی نقصان کی حد سے زیادہ ہونے کی صورت میں، مقامی محکمہ زراعت (توسیع) یا زرعی ماہر کے مشورہ سے کسی بھی درج ذیل زرعی زہر کا انتخاب ان کے وقفہ قبل از برداشت (PHI) کو مد نظر رکھ کر کریں۔

| نمبر شمار | زرعی زہر | مقدار فی ایکڑ | وقفہ قبل از برداشت (دن) | نمبر شمار | زرعی زہر | مقدار فی ایکڑ | وقفہ قبل از برداشت (دن) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ٹیٹرانیلی پرول 18 فی صد ایس سی | 100 ملی لیٹر | 33 | 5 | ایما میکٹن + لیمبڈا سائی ہیلو تھرین 12 فیصد ڈبلیو پی | 100 ملی لیٹر | 16 |
| 2 | سپنٹورام 120 ایس سی | 100 ملی لیٹر | 30 | 6 | کلورینٹرانیلی پرول 20 ایس سی | 50 ملی لیٹر | 14 |
| 3 | ایما میکٹن بینزوایٹ + انڈوکساکارب 9 فی صد ایس سی | 120 ملی لیٹر | 28 | 7 | فپرونل 5 فی صد ایس سی | 480 ملی لیٹر | 14 |
| 4 | گیما سائی ہیلو تھرین 60 فیصد سی ایس | 75 ملی لیٹر | 21 | 8 | فلوبینڈا مائیڈ 48 ایس سی | 50 ملی لیٹر | 7 |

### تنے کی سنڈیاں (Stem Borer)

- دھان کی فصل خصوصاً باسمتی اقسام پر تنے کی سنڈیوں کا حملہ زیادہ ہوتا ہے زرد اور سفید سنڈیاں زیادہ نقصان پہنچاتی ہے جبکہ گلابی سنڈی کم نقصان پہنچاتی ہیں۔ یہ سنڈیاں تنے کو اندر سے کھاتی رہتی ہیں جس سے تنے کی کونپل سوکھ جاتی ہے جسے سوک یا ڈیڈ ہارٹ کہتے ہیں۔ تنے کی سنڈیوں کا حملہ اگر سٹے بنتے وقت ہو تو حملہ شدہ تنوں کے سٹے سفید ہو جاتے ہے جنہیں وائٹ ہیڈ کہتے ہے اور ان سٹوں میں دانے نہیں بنتے ہیں۔
- تنے کی سنڈیوں کے حملہ کی صورت میں نقصان کی معاشی حد یعنی سوک کی شرح پانچ فیصد ہو جائے تو درج ذیل سفارش کردہ زہروں کا استعمال کریں۔

| نمبر شمار | زرعی زہر | مقدار فی ایکڑ | وقفہ قبل از برداشت (دن) | نمبر شمار | زرعی زہر | مقدار فی ایکڑ | وقفہ قبل از برداشت (دن) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کارٹیپ 4 فیصد جی | 9 کلو گرام | 40 | 4 | ایما میکٹن بینزوایٹ + لیمبڈا سائی ہیلو تھرین 12 فیصد | 100 ملی لیٹر | 16 |
| 2 | ٹیٹرانیلی پرول 200 فیصد ایس سی | 100 ملی لیٹر | 33 | 5 | مونو ی ایپ 5 فیصد | 7 کلو گرام | 14 |
| 3 | آئیسو سائیکلو سیرم 18.1 ایس سی | 120 ملی لیٹر | 29 | 6 | فلوبینڈا مائیڈ 48 فیصد ایس سی | 75 ملی لیٹر | 7 |

### بھکا یا بلاسٹ (Blast)

بھکا یا بلاسٹ کا حملہ پتوں، گانٹھوں، مونجر کی گردن اور مونجر پر ہوتا ہے۔ پتوں پر آنکھ کی شکل جیسے نشان بن جاتے ہیں جو سازگار حالات میں بڑے ہو کر آپس میں مل جاتے ہے اور پتے کے بڑے حصے کو خشک کر دیتے ہے۔ مونجر کی گردن پر یا مونجروں پر حملہ کی صورت میں اس کے گرد سیاہی مائل نشانات ایک ہالہ بنا لیتے ہیں جس سے خوراک دانوں میں نہیں پہنچ سکتی اور دانے پورے نہیں بھر پاتے۔ تدارک کے لیے بیماری کی علامات ظاہر ہونے پر سفارش کردہ پھپھوندی کش زہر کا سپرے کریں۔

| نمبر شمار | زرعی زہر کا نام | مقدار فی ایکڑ | وقفہ قبل از برداشت (دن) |
|---|---|---|---|
| 1 | ایزاکسی سٹروبن + ڈائی فینو کونازول 30 فیصد ایس سی | 200 ملی لیٹر | 14 |
| 2 | ویلیڈامائسین + ڈائی فینو کونازول 12 ڈبلیو پی | 250 گرام | 14 تا 35 |
| 3 | ڈائی فینو کونازول 250 ای سی | 125 ملی لیٹر | 14 |

### پتوں کا جراثیمی جھلساؤ (Bacterial Leaf Blight)

یہ بیماری فصل کی پیداوار میں شدید کمی کا باعث بنتی ہے۔ اس بیماری میں پتوں پر زرد دھبے بننا شروع ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے پتے مرجھانے لگتے ہیں اور خشک ہو کر نیچے کی طرف جھک جاتے ہیں۔ اس بیماری پر مؤثر قابو پانے کے لیے درج ذیل اقدامات از حد ضروری ہیں:

- فصل میں کھادوں کے متوازن استعمال کو یقینی بنایا جائے خصوصاً پوٹاش کا استعمال بیماری کے خلاف قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے۔
- دھان کے نقصان دہ کیڑوں بالخصوص پتہ لپیٹ سنڈی کو بروقت کنٹرول کریں۔
- مقامی محکمہ زراعت کے عملے سے رابطہ کر کے درج ذیل میں سے کسی موزوں زرعی زہر کا انتخاب ان کے وقفہ قبل از برداشت (PHI) کو مد نظر رکھ کر کریں۔

| نمبر شمار | زرعی زہر | مقدار فی ایکڑ | وقفہ قبل از برداشت (دن) | نمبر شمار | زرعی زہر | مقدار فی ایکڑ | وقفہ قبل از برداشت (دن) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ولیڈامائسین + ایپوکسی کونازول 24 فیصد ایس سی | 100 ملی لیٹر | 15 | 4 | کاپر آکسی کلورائیڈ + کسوگامائسین 47 فیصد ڈبلیو پی | 240 تا 400 گرام | 14 |
| 2 | کسوگامائسین 2 فی صد ایس ایل | 600 ملی لیٹر | 14 | 5 | کاپر ہائیڈرو آکسائیڈ 77 فیصد ڈبلیو پی | 250 گرام | 14 |
| 3 | کاپر آکسی کلورائیڈ 50 فیصد ڈبلیو پی | 500 گرام | 14 | 6 | ولیڈامائسین 5 فی صد ایس ایل | 300 ملی لیٹر | 11 |

### بکائنی (Foot Rot)

بکائنی سے متاثرہ پودے صحت مند پودوں کی نسبت قد میں لمبے، قد میں باریک اور پیلے رنگ میں ہوتے ہیں۔ شدید متاثرہ پودے کے پتے نیچے سے شروع ہو کر اوپر تک سوکھ جاتے ہیں اور پودہ مر جاتا ہے۔ بکائنی سے متاثرہ پودے اکھاڑ کر تلف کر دیں۔ بیماری والے کھیت کا پانی دوسرے کھیتوں میں نا جانے دیں۔

موسمیاتی تبدیلیوں کے سبب بے وقت اور غیر متوقع بارشوں اور درجہ حرارت میں غیر معمولی کمی یا بیشی کی وجہ سے فصلات پر نقصان دہ اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ نقصان دہ کیڑے اور بیماریوں کے حملہ کی شدت میں بھی تبدیلی آتی ہے۔ ان اثرات کو کم سے کم کرنے کے لئے فصل کی خصوصی نگہداشت کریں، فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور موسمی پیشین گوئی سے باخبر رہیں۔ فصل کی تحفظ نباتات کا خاص خیال رکھیں۔

**جاری کردہ:**
ڈائریکٹوریٹ جنرل زراعت (توسیع)، پنجاب، لاہور، چیف سائنٹسٹ، رائس ریسرچ انسٹیٹیوٹ، کالا شاہ کاکو،
ڈائریکٹوریٹ جنرل پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز پنجاب، لاہور